# مفت قانونی امداد

قانون وانصاف کمیشن آف پاکستان

ہر وہ شخص ہے جو محدود مالی وسائل کی بِنا پر اپنے قانونی حقوق کا دفاع نہ کر سکے مفت قانونی امداد کا حقدار ہے۔

غریب سائلین بِلا تفریق اپنے فوجداری، دیوانی اور عائلی مقدمات کی پیروی کے لیے درج ذیل سہولیات حاصل کر سکتے ہیں۔

(۱) وکیل کی فیس (۲) کورٹ فیس (۳) نقول کے اخراجات (۴) اخراجات برائے سمنات (طلبی) وغیرہ (۵) دیگر اخراجات جو مقدمہ کی نوعیت اور حقائق کو مد نظر رکھتے ہوئے مناسب سمجھے جائیں۔

## طریقہ کار

(۱) مستحق شخص سادہ کاغذ پر مقدمے کی تفصیل، اپنے کوائف یعنی نام، ولدیت، پتہ، فون نمبر وغیرہ درخواست کی صورت میں ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج کو ارسال کر سکتا ہے۔

(۲) سزایافتہ یا زیر سماعت قیدی بھی اپنی درخواست بذریعہ سپرنٹنڈنٹ جیل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج کو ارسال کر سکتا ہے۔

(۳) موصول شدہ درخواست پر کمیٹی غور کریگی اور کوائف کی جانچ پڑتال کے بعد مستحق شخص کو مفت قانونی امداد فراہم کی جائیگی۔

## ضلعی کمیٹی برائے قانونی امداد (District Legal Empowerment Committee)

انصاف تک رسائی کو ممکن بنانے کے لیے قانون وانصاف کمیشن پاکستان نے ملک بھر میں ضلعی سطح پر 132 کمیٹیاں قائم کیں ہیں۔ جن کی سربراہی ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج کرتے ہیں۔ جبکہ ڈپٹی کمشنر، سپرنٹنڈنٹ جیل، بار ایسوسی ایشن اور سِول سوسائٹی کے نمائندگان اس کمیٹی کے رکن ہیں۔

## رابطہ

اپنے فوجداری، دیوانی یا عائلی مقدمے میں مفت قانونی امداد کے لیے ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج، چیئرمین ضلعی کمیٹی برائے قانونی امداد سے رابطہ کریں۔

مزید معلومات کے لیے قانون وانصاف کمیشن، پاکستان کی ویب سائٹ ملاحظہ کریں www.ljcp.gov.pk

ہماری ترجیح : حصولِ انصاف کو یقینی بنانا